اچھی طرح جاننے والا تھا۔ یعنی اس کو یقین تھا کہ قیامت ہوگی اور وہاں وہ اپنے دشمنوں کو پابہ زنجیر دیکھے گا۔ اس میں یہود پر بھی ایک حجت ہے۔ کیونکہ ان کا ایک گروہ منکرِ قیامت تھا، یا وہ یہود نامسعود کی ہلاکت کے وقت کو جانتا تھا۔

اگر "نشانی" بھی تسلیم کیا جائے تو ساعت سے مراد قیامتِ کبریٰ تو ہو نہیں سکتی — جیسا کہ جواب نمبر ا میں گزر چکا ہے ہاں یہود کی ہلاکت کی گھڑی مراد ہو سکتی ہے اور مطلب یہ بن جائے گا کہ عیسیٰ بن مریم کا بے باپ پیدا ہونا یا مبعوث ہونا اس بات کا بدیہی نشان تھا کہ سب بنی اسرائیل گندے ہو چکے ہیں اور ان کی ہلاکت دروازے پر کھڑی ہے۔

جواب ۲:۔ ساعت سے مراد ہلاکت بنی اسرائیل کی گھڑی بھی ہو سکتی ہے۔

جواب ۳:۔ اگر فی الواقعہ یہ معنی درست ہوتے جو ہمارے دوست کرتے ہیں، تو اگلے حصہ فَلَا تَمْتَرُنَّ بِهَا (الزخرف: ۶۲) کا لانا لغو بن جاتا ہے۔ کیونکہ یہ بات معقولیت سے بعید ہے کہ ابھی وہ نشانی آئی بھی نہیں مگر خدا تعالیٰ آنحضرتؐ کے منکروں کو فرماتا ہے کہ تم اس میں شک نہ کرو۔ ظاہر ہے کہ جب ابھی نشانی نے ایک نامعلوم مدت کے بعد آنا ہے تو ان کو شک سے ابھی کس بنا پر روکا جاتا ہے پس معلوم ہوا کہ اس جگہ مسیح قیامت کی نشانی ہونے کا تذکرہ نہیں بلکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اور قرآن مجید کو قیامت کی نشانی ٹھہرایا گیا ہے ورنہ یہ حصہ بے معنی بنتا۔

جواب ۴:۔ فَلَا تَمْتَرُنَّ بِهَا۔ کے بعد ہے وَاتَّبِعُوْنِ کہ میری پیروی کرو۔ اگر قیامت کی نشانی مسیح تھے، تو اس کی مناسبت میں یہ فرمانا چاہیئے تھا کہ تم اُس کی پیروی کرنا۔ یہ کہنے کے کیا معنی کہ میری اتباع کرو۔ اس میں یہ کہہ کر کہ میری پیروی کرو، صاف بتا دیا کہ کوئی مسیح ناصری نہ آئے گا بلکہ تم اے مسلمانو! خود مسیح بنو اور اس کا طریق یہ ہے کہ تم میری اتباع کرو۔

لطیفہ:۔ یہ متنازعہ فیہا آیت سورۃ زخرف کی ہے جس سے استدلال کیا جاتا ہے کہ مسیح چونکہ علم للساعۃ ہیں اس لئے وہ ضرور قیامت سے پیشتر تشریف لائیں گے لیکن اگر مسیح کو علم للساعۃ مان بھی لیا جاوے تب بھی آپ اُمتِ محمدیہ میں نہیں آسکتے۔ کیونکہ اس سورۃ کے آخری رکوع میں اللہ تعالےٰ نے صاف فرما دیا ہے۔ وَعِنْدَهٗ عِلْمُ السَّاعَةِ وَإِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ (الزخرف: ۸۶) کہ وہ علم الساعۃ جسے تم دوبارہ زمین پر اتار رہے ہو وہ اب اللہ کے پاس بیٹھے ہیں وہ تو تمہارے پاس ہرگز نہ آئے گا ہاں تم ہی اس کی طرف لوٹائے جاؤ گے پس اس کی انتظار فضول ترک کر دو۔

حیاتِ مسیح کی تیسری دلیل

وَإِنْ مِّنْ أَهْلِ الْكِتٰبِ إِلَّا لَيُؤْمِنَنَّ بِهٖ قَبْلَ مَوْتِهٖ (النساء: ۱۶۰) ترجمہ:۔ اور کوئی اہل کتاب (یہودی) نہیں مگر وہ حضرت عیسیٰؑ پر ضرور ایمان لائے گا اس کی موت سے پیشتر یعنی حضرت عیسیٰؑ کے مرنے سے پہلے سب یہود ایمان لائیں گے۔ چونکہ فی زمانہٖ وہ سب ایمان نہیں لا رہے اس لیے ماننا پڑے گا کہ آپ اسی جسم کے ساتھ آسمان پر زندہ موجود ہیں اور آخری زمانہ میں تشریف لا کر کفارے منوائیں گے۔

جواب :- غیر احمدیوں کا مندرجہ بالا استدلال بہ ایں وجوہ باطل ہے۔

وجہ اوّل :- یہ وہ ایمان ہے جس میں اہلِ کتاب کا ہر فرد شامل ہے کیونکہ لفظ اِنْ مِنْ حصر کیلئے آتے ہیں اور جو ایمان غیر احمدی مراد لیتے ہیں وہ ہزارہا مرنے والے اہلِ کتاب میں نہیں پایا جاتا۔ پس اگر یہ معنی ہیں تو اللہ تعالےٰ ضرور ان سب اہلِ کتاب کو حضرت عیسیٰؑ کی آمد ثانی تک زندہ رکھتا تا وہ ایمان لے آویں اور خدا کا فرمودہ سچ ثابت ہو لیکن جب ایسا نہیں تو معلوم ہوا کہ یہ معنی ہی غلط ہیں۔

اس جگہ اگر کوئی یہ کہے کہ وہ سب یہودی ایمان لائیں گے جو اس وقت موجود ہوں گے۔ تو اوّل تو اس آیت میں اس کا ذکر نہیں۔ دوئم احادیث میں صاف لکھا ہے کہ اصفہان کے ۷۰ ہزار یہود دجّال کے ساتھ ہوں گے جو مارے جائیں گے اور کنز العمال کتاب القیامۃ من قسم الاوّل الفصل الثالث فِی اَشْرَاطِ السَّاعَۃِ جلد ۷ ص۱۷۴ مصری۔ مطبوعہ حیدر آباد جلد ۷ ص۲۶۸ ۔ پر لکھا ہے کہ ۱۲ ہزار یہودی عورتیں حضرت مسیح کا اتباع کریںگی۔ پس یہ معنی بھی غلط ہیں۔

وجہ دوئم :- یہ معنی اس لئے غلط ہیں کہ آگے پیچھے اس کے سب یہود کی بدیاں بھری ہوئی ہیں۔ اور جو ان میں سے نیک ہیں ان کی نیکیوں کا ذکر لٰکِنِ الرّٰسِخُوْنَ (النسآء : ۱۶۳) سے شروع ہوتا ہے۔ تو اب یہ طریق حکمت کے خلاف ہے کہ ایسی عظیم الشان نیکی کے بعد بھی ان کی بدیاں مذکور ہوں اور معاف نہ کی جائیں۔ پھر جس طرح یہ بات حکمت کے برخلاف ہے اسی طرح یہ قرآن کریم کے طرزِ بیان کے بھی برعکس ہے۔ اس لیے یہ ماننا پڑے گا کہ یہ معنی ہی غلط ہیں۔

وجہ سوم :- اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے۔ لَوْ کَانَ مِنْ عِنْدِ غَیْرِ اللّٰہِ لَوَجَدُوْا فِیْہِ اخْتِلَافًا کَثِیْرًا (النسآء : ۸۳) کہ اگر یہ قرآن اللہ کے سوا کسی اور کی طرف سے ہوتا تو اتنی بڑی کتاب میں ضرور کوئی اختلاف (قوانین قدرت کے مضامین وغیرہ میں) ہوتا۔ ایسا نہ ہونے کو اللہ تعالےٰ نے قرآن کریم کی صداقت پر دلیل بیان فرمایا ہے۔ لیکن اگر غیر احمدیوں کے معنی صحیح تسلیم کئے جائیں تو قرآن کریم میں اختلاف پڑ جاتا ہے۔ کیونکہ اس آیت سے ماقبل فرمایا ہے " فَلَا یُؤْمِنُوْنَ اِلَّا قَلِیْلًا " (النسآء : ۴۷) کہ یہ تھوڑا مانیں گے بلکہ مانیں گے ہی نہیں۔ لیکن یہاں کہدیا کہ " سب ایمان لے آئیں گے " (بقول غیر احمدی صاحبان)۔

وجہ چہارم :- خدا تعالیٰ حضرت عیسیٰؑ کو فرماتا ہے۔ وَجَاعِلُ الَّذِیْنَ اتَّبَعُوْکَ فَوْقَ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَۃِ (آل عمران : ۵۶) کہ میں تیرے متبعین کو یہود پر قیامت تک غلبہ دوں گا۔ اور پھر فرماتا ہے وَاَغْرَیْنَا بَیْنَھُمُ الْعَدَاوَۃَ وَالْبَغْضَآءَ اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَۃِ (المائدۃ : ۱۵) کہ ہم نے ان میں قیامت تک بغض اور عداوت ڈال دی ہے اور پھر المائدۃ : ۶۵ میں ہے وَاَلْقَیْنَا بَیْنَھُمُ الْعَدَاوَۃَ وَالْبَغْضَآءَ .... اب ذرا سوچو کہ اگر سب اہلِ کتاب ایمان لے آئیں اور سب یہودی حضرت عیسیٰؑ کے متبع ہو جائیں تو پھر ان پر تا قیامت غلبہ کیونکر ؟ اور ان میں بغض و عداوت کیسی ؟ پس ماننا پڑے گا کہ یہ معنی ہی غلط ہیں۔

وجہ پنجم :- مَوْتِہٖ میں ہ کی ضمیر کی بجائے دوسری قرأت میں هُمْ کا لفظ آیا ہے جو جمع ہے اور جس سے صرف اہلِ کتاب ہی مراد لیے جا سکتے ہیں هُمْ کے لیے دیکھیں عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ وَاِنْ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ اِلَّا لَيُؤْمِنَنَّ بِهٖ قَبْلَ مَوْتِهٖ قَالَ هِيَ فِيْ قِرَاْءَةِ اُبَيٍّ قَبْلَ مَوْتِهِمْ۔ (ابن جریر جلد ۶ صفحہ ۱۵) یعنی حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا کہ ابی بن کعبؓ کی قرأت میں مَوْتِہٖ کی جگہ مَوْتِهِمْ آیا ہے۔

قَبْلَ مَوْتِهِمْ کے راوی

غیر احمدی :- قَبْلَ مَوْتِهِمْ والی قرأت جو ابن عباسؓ سے مروی ہے کذب محض ہے اس میں دو راوی خصیف اور عتاب بن بشیر مجروح ہیں۔ (محمدیہ پاکٹ بک صفحہ ۵۳۰ بار دوم)

جواب ۱:- ابن جریر نے ابن عباس سے پانچ روایات قَبْلَ مَوْتِهِمْ والی قرأت کی نقل کی ہیں جن میں سے چار روایات ایسی ہیں جن میں یہ دونوں راوی نہیں ہیں۔ پس دوسری روایات تو تمہارے نزدیک بھی قابل اعتراض نہ ٹھہریں۔ تو ابن عباس سے مَوْتِهِمْ والی قرأت تو ثابت ہو گئی۔ اعتراض کیا رہا؟

۲- باقی رہی پانچویں روایت جس کے راوی خصیف اور عتاب بن بشیر ہیں تو یہ روایت بھی درست ہے خصیف بن عبدالرحمٰن کے متعلق لکھا ہے:-

قَالَ ابْنُ مُعِيْنٍ لَيْسَ بِهٖ بَأْسٌ وَقَالَ مَرَّةً ثِقَةٌ ۔۔۔ قَالَ ابْنُ سَعْدٍ كَانَ ثِقَةً ۔۔۔۔ قَالَ السَّاجِيُّ صَدُوْقٌ (تہذیب التہذیب جلد ۳ صفحہ ۱۴۳ و صفحہ ۱۴۴) کہ خصیف ثقہ راوی تھا۔ جن لوگوں نے خصیف پر اعتراض کیا ہے ان کے نزدیک وہ روایت جو خصیف سے عبدالعزیز بن عبدالرحمٰن روایت کرے وہ ناقابلِ اعتبار ہوتی ہے کیونکہ لکھا ہے وَالْبَلَاءُ مِنْ عَبْدِ الْعَزِيْزِ لَا مِنْ خَصِيْفٍ (ایضاً) یعنی نقص عبدالعزیز میں ہے نہ کہ خصیف میں۔ لیکن روایت متنازعہ میں عبدالعزیز راوی نہیں ہے۔

اس طرح اس روایت کا دوسرا راوی عتاب بن بشیر بھی قابل اعتبار اور ثقہ ہے، جیسا کہ لکھا ہے:

قَالَ عُثْمَانُ الدَّارِمِيُّ عَنْ اَبِيْ مَعِيْنٍ ثِقَةٌ ۔۔۔۔ ذَكَرَهُ ابْنُ حِبَّانَ فِي الثِّقَاتِ ۔۔۔۔ قَالَ الْحَاكِمُ عَنِ الدَّارِقُطْنِيِّ ثِقَةٌ (تہذیب التہذیب جلد ۷ صفحہ ۹۱) یعنی عتاب بن بشیر کو ابن معین اور ابن حبان اور دار قطنی نے ثقہ قرار دیا ہے۔

غیر احمدی :- ابن جریر میں ابن عباسؓ کا قول قَبْلَ مَوْتِ عِيْسٰى سعید بن جبیر کے طریق سے باسنادِ صحیح درج ہے۔ بحوالہ ارشاد الساری شرح صحیح بخاری (محمدیہ پاکٹ بک صفحہ ۵۳۰)۔

جواب ۱:- ابن جریر میں سعید بن جبیر کے طریق سے صرف دو روایات درج ہیں۔ پہلی روایت محمد بن بشار نے ابن مہدی عبدالرحمٰن سے اور اس نے سفیان سے اور اس نے ابی حصین سے اور اس نے

سعید بن جبیر سے۔ سو یہ روایت ضعیف ہے۔ کیونکہ لکھا ہے:۔

قَالَ عَبْدُ اللّٰہِ ابْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَیَّارٍ سَمِعْتُ عَمْرَو ابْنَ عَلِیٍّ یَحْلِفُ اَنَّ بُنْدَارًا یَکْذِبُ فِیْمَا یَرْوِیْ عَنْ یَحْیٰی---- قَالَ عَبْدُ اللّٰہِ ابْنُ عَلِیِّ ابْنِ الْمَدِیْنِیِّ سَمِعْتُ اَبِیْ وَ سَئَلْتُہٗ عَنْ حَدِیْثٍ رَوَاہُ بُنْدَارٌ عَنِ ابْنِ مَھْدِیٍّ ---- فَقَالَ ھٰذَا کَذِبٌ ...... فَرَاَیْتُ یَحْیٰی لَا یَعْبَأُ بِہٖ وَیَسْتَضْعِفُہٗ قَالَ وَرَاَیْتُ الْقَوَارِیْرِیَّ لَا یَرْضَاہُ بِہٖ (تہذیب التہذیب جلد ۹ صفحہ) کہ عبداللہ بن محمد کہتے ہیں کہ عمرو بن علی نے حلف اٹھا کر کہا کہ محمد بن بشار بندار جھوٹ بولتا تھا، ان روایات میں جو اس نے یحییٰ سے روایت کی ہیں۔ اسی طرح سے علی بن المدینی سے محمد بن بشار کی ایک روایت جو ابن مہدی سے لی ہے پوچھی گئی تو انہوں نے اس روایت کو کذب محض قرار دیا۔ اسی طرح یحییٰ بن معین محمد بن بشار کو اچھا نہیں سمجھتے تھے (اس کی پروا نہ کرتے تھے) بلکہ اسے ضعیف قرار دیتے تھے۔ اسی طرح قواریری بھی اسے پسند نہ کرتا تھا۔

یہ تو حال ہے پہلی روایت کا۔ (یاد رہے کہ یہ روایت بھی محمد بن بشار نے ابن مہدی سے روایت کی ہے)۔ دوسری روایت کا ایک راوی ابی بن العباس بن سہل الانصاری ہے جس کے متعلق لکھا ہے:

قَالَ اَبُوْ بِشْرِ الدَّوْلَابِیُّ لَیْسَ بِالْقَوِیِّ قُلْتُ وَقَالَ ابْنُ مَعِیْنٍ ضَعِیْفٌ وَقَالَ اَحْمَدُ مُنْکَرُ الْحَدِیْثِ۔ وَ قَالَ النَّسَائِیُّ لَیْسَ بِالْقَوِیِّ وَ قَالَ الْعُقَیْلِیُّ لَہٗ اَحَادِیْثُ لَا یُتَابَعُ عَلٰی شَیْءٍ مِنْھَا..... قَالَ الْبُخَارِیُّ لَیْسَ بِالْقَوِیِّ (تہذیب التہذیب جلد ۱ صفحہ ۱۸۶) کہ ابو بشر الدولابی نے کہا ہے کہ یہ راوی ثقہ نہیں۔ ابن معین نے بھی اسے ضعیف قرار دیا ہے اور امام احمد کے نزدیک منکر الحدیث تھا اور نسائی نے بھی غیر قوی قرار دیا ہے۔ عقیلی نے لکھا ہے کہ اس راوی کی حدیث قابل اتباع نہیں ہوتی۔ امام بخاری کے نزدیک بھی یہ راوی قوی نہیں ہے۔

ابن جریر میں قَبْلَ مَوْتِ عِیْسٰی والی روایت ابن عباسؓ سے صرف ایک ہی روایت ہے، اگرچہ وہ سعید بن جبیر کے طریق سے تو نہیں لیکن پھر بھی ضعیف ہے کیونکہ اس میں بھی یہی ابی ابن العباس راوی ہے جو ضعیف ہے۔

پھر لکھا ہے وَتَدُلُّ عَلَیْہِ قِرَاءَۃُ اُبَیٍّ اِلَّا لَیُؤْمِنُنَّ بِہٖ قَبْلَ مَوْتِھِمْ بِضَمِّ النُّوْنِ عَلٰی مَعْنٰی وَ اِنْ مِنْھُمْ اَحَدٌ اِلَّا سَیُؤْمِنُوْنَ بِہٖ قَبْلَ مَوْتِھِمْ (تفسیر کشاف جلد ۱ صفحہ ۲۹۶) یعنی ان معنوں پر حضرت ابی بن کعب کی یہ قرأت دلالت کرتی ہے اِلَّا لَیُؤْمِنُنَّ بِہٖ قَبْلَ مَوْتِھِمْ جس کا مطلب یہ ہے کہ ان میں سے کوئی ایک بھی ایسا نہیں ہوگا جو اپنی موت سے پہلے اس پر ایمان نہ لائے۔

حضرت ابی ابن کعب کی قرأت کی اہمیت بخاری کی اس حدیث سے ظاہر ہے سَمِعْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ خُذُوا الْقُرْاٰنَ مِنْ اَرْبَعَۃٍ مِنْ عَبْدِ اللّٰہِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ فَبَدَاَ بِہٖ وَ سَالِمٍ مَوْلٰی اَبِیْ حُذَیْفَۃَ وَمُعَاذِ ابْنِ جَبَلٍ وَاُبَیِّ بْنِ کَعْبٍ (بخاری کتاب المناقب باب مناقب ابی بن کعبؓ)

جلد ۲ صفحہ ۱۹۴ مصری) کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا کہ قرآن شریف حضرت عبداللہ بن مسعودؓ، حضرت سالمؓ، حضرت معاذ بن جبلؓ اور حضرت ابی ابن کعبؓ سے سیکھو۔

اب متقی مومن کا فرض ہے کہ وہ دونوں قرأتوں کو مدِ نظر رکھ کر معنے کرے اور وہ یہی ہونگے کہ یہود کا ہر فرد اپنے مرنے سے پہلے حضرت عیسیٰؑ کے مصلوب ہونے پر ایمان لائیگا اور لاتا ہے ورنہ وہ یہودیت کو ترک کرکے صداقتِ عیسیٰؑ کا قائل ہوجائیگا جو باطل ہے۔

وجہ ششم :- وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ قَبْلَ مَوْتِ عِيْسٰى وَعَنْهُ اَيْضًا قَالَ قَبْلَ مَوْتِ الْيَهُوْدِيِّ ...... وَقِيْلَ الضَّمِيْرُ الْاَوَّلُ لِلّٰهِ وَقِيْلَ اِلٰى مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ بِهٖ عِكْرِمَةُ رضؓ۔ (فتح البیان جلد ۲ صفحہ ۲۴۳) کہ حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا کہ عیسیٰؑ کی موت سے پہلے اور انہی حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ آپ نے فرمایا کہ یہودی کی موت سے پہلے۔ ــــ اور کہا گیا ہے کہ پہلی ضمیر اللہ کی طرف پھرتی ہے، اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ آنحضرتؐ کی طرف پھرتی ہے اور حضرت عکرمہؓ کا بھی یہی مذہب ہے۔

اس آیت میں دو ضمیریں ہیں، ایک بِہٖ اور دوسری بِمَوْتِہٖ۔ اِن دونوں ضمیروں کے مرجع کی تعیین میں مفسرین کا اختلاف ہے۔ پہلی ضمیر کا مرجع عیسیٰؑ، اللہ، نبیؐ اور قرآن بتلاتے ہیں اور دوسری ضمیر کا مرجع عیسیٰؑ اور کتابی بتاتے ہیں۔ پس یہ دلیل غیر احمدیوں کی تب صحیح ہوسکتی ہے کہ تعیین مرجع میں مسیح پر اتفاق ہوتا، لیکن ایسا نہیں۔ پس اس قرأت کے ہوتے ہوئے بھی غیر احمدیوں کے بیان کردہ معنی درست نہیں ہوسکتے۔

وجہ ہفتم :- اس کے بعد فرمایا وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَكُوْنُ عَلَيْهِمْ شَهِيْدًا (النساء: ۱۶۰) کہ وہ قیامت کے دن ان پر گواہ ہوگا، یعنی ان کے خلاف گواہی دے گا اور اگر اس آیت کے یہ معنی ہیں کہ وہ سب مان جائیں گے تو گواہی کیسی اور اس گواہی کی کیا ضرورت؟ کیونکہ گواہی کی ضرورت تو ہمیشہ انکار کے بعد ہوتی ہے۔ قیامت کے ساتھ گواہی کو مخصوص کرنا بتاتا ہے کہ مسیح دُنیا میں نہیں آئیگا۔ ورنہ کہنا چاہیئے تھا کہ وہ دُنیا میں آکر گواہی دے گا۔ مولوی ثناء اللہ صاحب امرتسری نے نون ثقیلہ کے معنی حال کے بھی کئے ہیں۔

وَاِنَّ مِنْكُمْ لَمَنْ لَّيُبَطِّئَنَّ (النساء: ۷۳) کا ترجمہ "کوئی تم میں سے سستی کرتا ہے"۔
(تفسیر ثنائی سورۃ نساء ۷۳)

نوٹ :- بعض غیر احمدی کہا کرتے ہیں کہ حضرت خلیفۃ المسیح الاوّلؓ نے جو اس آیت کا ترجمہ کیا ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ قَبْلَ مَوْتِهٖ سے مراد حضرت مسیحؑ کی وفات لیتے تھے، لیکن یہ صریحاً مغالطہ ہے۔ حضرت خلیفہ اوّلؓ مَوْتِهٖ کی ضمیر کا مرجع "کتابی" ہی لیتے تھے اور جو ترجمہ غیر احمدی "فصل الخطاب جلد ۲ صفحہ ۸۰" کے حوالے سے پیش کرتے ہیں، اس میں "اسکی موت سے پہلے" کے الفاظ ہیں۔ یہ تصریح موجود نہیں ہے کہ اس سے مراد کتابی ہے یا حضرت مسیحؑ۔ ورنہ حضرت خلیفہ اوّلؓ کا مذہب وہی ہے جو ہم نے اوپر بیان

کیا ہے۔ چنانچہ آپ تحریر فرماتے ہیں:۔

وَاِنْ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ۔ الخ (النساء : ۱۶۰) کا ترجمہ یہ ہے اور نہیں کوئی اہلِ کتاب مگر ضرور ایمان لاتے گا ساتھ اس قتل کے قبل موت اپنی کے۔" (الحکم جلد ۵ نمبر ۳۳-۱۰ ستمبر ۱۹۰۱ء صفحہ ۱۱ حاشیہ)۔

حضرت ابوہریرہؓ کا اجتہاد

بعض غیر احمدی علماء حضرت ابوہریرہؓ کا اجتہاد بخاری کے حوالہ سے پیش کیا کرتے ہیں کہ انہوں نے نزولِ مسیح کی حدیث کو وَاِنْ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ والی آیت کے ساتھ منطبق کیا ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ آیت سے نزولِ مسیح ہی مراد ہے نہ کچھ اور۔

جواب: اس کا یہ ہے کہ یہ حضرت ابوہریرہؓ کا اپنا اجتہاد ہے جو حجت نہیں کیونکہ حضرت ابوہریرہؓ راوی تو اعلیٰ درجہ کے ہیں مگر مجتہد نہیں۔ ملاحظہ ہو:۔

ا۔ وَالْقِسْمُ الثَّانِيْ مِنَ الرُّوَاةِ هُمُ الْمَعْرُوْفُوْنَ بِالْحِفْظِ وَالْعَدَالَةِ دُوْنَ الْاِجْتِهَادِ وَالْفَتْوٰى كَاَبِيْ هُرَيْرَةَ وَاَنَسِ ابْنِ مَالِكٍ (اصول نظام الدین اسحاق بن ابراہیم الشاشی البحث الثانی۔ فصل فی اقسام الخبر والقسم الثانی من الرواۃ۔ مطبوعہ نولکشور صفحہ ۷۴۔ و کتب خانہ رشیدیہ دہلی صفحہ ۷۵) کہ راویوں میں سے دوسری قسم کے راوی وہ ہیں جو حافظہ اور دیانتداری کے لحاظ سے تو مشہور ہیں مگر اجتہاد اور فتویٰ کے اعتبار سے قابلِ اعتبار نہیں، جیسے ابوہریرہؓ و انس بن مالک۔

ب۔ مولانا ثناء اللہ صاحب پانی پتی اپنی تفسیر بنام تفسیرِ مظہری میں تحریر فرماتے ہیں:۔

تَاْوِيْلُ الْاٰيَةِ بِاِرْجَاعِ الضَّمِيْرِ الثَّانِيْ اِلٰى عِيْسٰى مَمْنُوْعٌ اِنَّمَا هُوَ زَعْمٌ مِّنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ لَيْسَ ذٰلِكَ فِيْ شَيْءٍ فِي الْاَحَادِيْثِ (تفسیر مظہری جلد ۲ صفحہ ۲۹۳ زیر آیت وان من اھل الکتب) یعنی آیت زیرِ بحث میں ضمیرِ ثانی (یعنی مَوْتِہٖ کی ضمیر کو) حضرت عیسیٰؑ کی طرف پھیر کر آیت کے معنی کرنا غلط ہے، جائز نہیں۔ یہ تو محض ابوہریرہؓ کا اپنا زعم ہے جو احادیث کے بالمقابل وقعت نہیں رکھتا کیونکہ حدیث سے ایسا ثابت نہیں ہوتا۔

پس اہلِ اصول اور محدثین کے نزدیک حضرت ابوہریرہؓ ثقہ راوی ہیں اور انکی روایت درست مگر ان کا اپنا خیال اور قول ہرگز حجت نہیں خصوصاً جبکہ قرآن مجید کی ۳۰ آیات، متعدد احادیث اور رہبرانِ اُمت کے بیسیوں اقوال اس کے خلاف ہوں۔ چنانچہ اسی بخاری شریف میں حضرت ابوہریرہؓ کا ایک اور اجتہاد درج ہے۔ آنحضرتؐ کی حدیث وَمَا مِنْ مَّوْلُوْدٍ يُّوْلَدُ وَالشَّيْطَانُ يَمَسُّهٗ حِيْنَ يُوْلَدُ۔ (بخاری کتاب الانبیاء باب ۴۴ و مسلم کتاب الفضائل باب ۱۴۶) (کہ ہر بچہ کو بوقتِ پیدائش شیطان مس کرتا ہے بجز مریم اور ابن مریم کے، کہ وہ دونوں مسِ شیطان سے پاک ہیں) کے متعلق حضرت ابوہریرہؓ فرماتے ہیں۔ فَاقْرَءُوْا اِنْ شِئْتُمْ اِنِّيْ اُعِيْذُهَا بِكَ وَذُرِّيَّتَهَا مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (بخاری کتاب التفسیر تفسیر سورۃ آلِ عمران

جلد ۲ مطبع الازہر مصر) کہ آنحضرتؐ کی اس حدیث کے سمجھنے کے لئے قرآن مجید کی یہ آیت پڑھو کہ حضرت مریمؑ کی والدہ نے کہا کہ میں مریم اور اس کی ذریت کے لئے شیطان الرجیم سے خدا کی پناہ مانگتی ہوں۔ حالانکہ حضرت ابوہریرہؓ کا یہ اجتہاد قطعی طور پر غلط ہے کیونکہ حضرت مریمؑ کی والدہ کی مندرجہ بالا دعا حضرت مریمؑ کی ولادت کے بعد کی ہے اور حدیث میں جس مسِ شیطان کی نفی ہے وہ وقتِ ولادت کی ہے پس جس طرح ابوہریرہؓ کا اس آیت کے متعلق اجتہاد مندرجہ بخاری غلط ہے اس طرح ان کا وَ اِنْ مِّنْ اَھْلِ الْکِتٰبِ (النساء: ۱۶۰) والی آیت کے متعلق اجتہاد مندرجہ بخاری بھی غلط ہے اور ناقابلِ استناد۔

اگر ان کا یہ قول اِنَّا قَتَلْنَا الْمَسِیْحَ (النساء: ۱۵۸) اس ضمیر کا مرجع ہو تو مطلب یہ ہوگا کہ باوجود اس کے کہ خدا نے یہودیوں کے اس قول کی تردید پوری طرح کر دی ہے پھر بھی وہ اپنے اس قول پر ایمان رکھیں گے کہ ہم نے مسیح کو قتل کر دیا، ورنہ ان کا مذہب ہی درہم برہم ہو جاتا ہے مثلاً دیکھو اگر ایک یہودی حضرت عیسیٰؑ کو غیر مصلوب تسلیم کر لے تو پھر وہ آپ پر ایمان لائیگا اور اسی طرح اگر ایک عیسائی مصلوبیت مسیح کو چھوڑ دے تو پھر ان کے مذہب کا بھی کچھ نہیں رہتا۔ اور کفارہ معہ دیگر اصولوں کے رخصت ہو جاتا ہے پس یہی معنی ہیں۔ ان کے ایمان سے حقیقی اور قابلِ قبول ایمان مراد نہیں۔

حیاتِ مسیح کی چوتھی دلیل

مَنْ یَّمْلِکُ مِنَ اللّٰہِ شَیْئًا اِنْ اَرَادَ اَنْ یُّھْلِکَ الْمَسِیْحَ ابْنَ مَرْیَمَ (المائدۃ: ۱۸) کہ خدا کو کون روک سکتا ہے اگر وہ عیسیٰ بن مریم کو مارنے کا ارادہ کرے۔ ثابت ہوا ابھی تک خدا تعالیٰ نے ان کو مارنے کا ارادہ نہیں کیا۔

جواب:۔ اس کے آگے وَ اُمَّہٗ وَ مَنْ فِی الْاَرْضِ جَمِیْعًا (المائدۃ: ۱۸) بھی پڑھو کہ اگر خدا چاہے عیسیٰؑ اور ان کی والدہ اور موجوداتِ ارضی کو ہلاک کرنا۔ تو کیا حضرت مریمؑ بھی زندہ ہیں اور کیا دُنیا کی کوئی چیز ہلاک نہیں ہوتی؟ حالانکہ کوئی سیکنڈ اور سیکنڈ کا کوئی حصہ نہیں گزرتا جب دُنیا میں کوئی جاندار نہیں مرتا۔

اصل مطلب یہ ہے کہ اگر خدا تعالیٰ چاہتا تو مسیحؑ، مریمؑ اور موجوداتِ ارضی کو جمیعاً (یکدم) ہلاک کر دیتا۔ مگر خدا تعالیٰ آہستہ آہستہ دُنیا کو ہلاک کرتا ہے۔ "اَفَلَا یَرَوْنَ اَنَّا نَاْتِی الْاَرْضَ نَنْقُصُھَا مِنْ اَطْرَافِھَا" (الانبیاء: ۴۵)

حیاتِ مسیح کی پانچویں دلیل

یُکَلِّمُ النَّاسَ فِی الْمَھْدِ وَ کَھْلًا (آل عمران: ۴۷) کہ عیسیٰؑ مہد اور چالیس سال کی عمر میں کلام کریں گے، انہوں نے مہد میں تو کلام کیا مگر ۳۳ سال کی عمر میں چونکہ آسمان پر اُٹھائے گئے اس لئے ابھی تک انہوں نے کہل کی عمر میں کلام نہیں کیا۔ لہٰذا آسمان سے واپس آ کر وہ کہل میں بھی کلام کریں گے۔

جواب ۱: کَھْل کے معنی لغت سے ۳۰ سے ۴۰ سال کی عمر کے (مجمع البحار جلد ۴ صفحہ ۲۴۶ زیر لفظ کَھْل)۔ بقول تمہارے جب وہ ۳۳ سال کی عمر میں اُٹھائے گئے تو تین سال انہوں نے کَھْل میں بھی